© rasailojaraid.com



ضروری ہے۔

آپ کا کارڈ مورخہ ۶ مئی ملا۔ شکریہ! یہ خط و کتابت محض دوستانہ ہے اور پرائیویٹ۔ والسلام

۱۴ اگست ۹۴۳ سنہ ہندی — گوٹھ پیر جھنڈا۔ ضلع حیدر آباد سندھ — عبید اللہ سندھی

(۶)

بجناب مولانا مسعود عالم صاحب ندوی دام عنایتہ

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

حضرت مولانا عبید اللہ سندھی اس وقت بستر علالت پر ہیں، چند دن تک ان کی حالت نہایت تشویشناک رہنے کے بعد اب پھر اللہ کے فضل سے رو بصحت ہے۔ کل آں ممدوح نے آپ کا "استدراک" جو آپ نے ان کی تاریخ تحریک ولی اللہ محدث دہلویؒ پر ماہ فروری تا مئی ۹۴۴ سنہ ہندی میں "معارف" میں شایع کرایا تھا، پڑھوا کر سنا اور آج مجھے ہدایت فرمائی ہے کہ میں آپ کی خدمت میں حضرت مولانا کی طرف سے تحریر کروں کہ

" ہم شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کی دعوت کو اسلام میں اول درجے کی چیز مانتے ہیں، ان کے بعد امام ولی اللہ کی تحریک کو دوسرے درجے کی دعوت کا مقام دیتے ہیں"۔ آج کل ہمیں کیا کرنا چاہیے؟ اس کے متعلق ہم نے اطمینان کے ساتھ امام ولی اللہ کی تابعداری میں اپنا پروگرام (PROGRAMME) بنالیا ہے، اب ہم اس میں کسی دوسرے پروگرام (PROGRAMME) کو تداخل کا موقع دینا نہیں چاہتے۔ براہ مہربانی ہمیں معاف فرمائیں"۔ فقط والسلام

المخلص بشیر احمد بی۔ اے

معتمد خصوصی حضرت مولانا عبید اللہ صاحب سندھی

## (۷) سرور شاہ گیلانی

بخدمت شریف سرور شاہ گیلانی، مکرمی المحترم: زید مجدہٗ

سلام مسنون! آپ کا عنایت نامہ ملا۔ دو تین بار پڑھا۔ نہایت مسرت ہوئی۔

میں جس وقت کراچی آیا، ضرور ملوں گا اور مفصل باتیں کرنے اور تبادلہ خیالات سے قابل عمل راہ ضرور نکل آئیگی۔

تنظیم مساجد ہمارا بھولا ہوا خواب ہے۔ محترم جی ایم سید نے ہمیں بھی وہ سرکلر بھیجا تھا۔

میں آپ سے ملنے کا متمنی ہوں۔ انشاءاللہ جس کے لیے عنقریب موقع ملے گا۔ والسلام

۸ ستمبر ۹۴۳ سنہ ہندی — دار الرشاد — عبید اللہ سندھی

© rasailojaraid.com